© rasailojaraid.com



# تبصرہ کتب

تبصرے کے لئے کتاب کے دو نسخے ارسال کرنا ضروری ہے۔ پمفلٹ نما کتابچوں پر تبصرہ نہیں کیا جائے گا۔ (ادارہ)

**کتاب الدعاء والاستغفار** :مؤلف: رشید اللہ یعقوب، ناشر: رحمتہ للعالمین ریسرچ سینٹر کلفٹن، صفحات:208، سائز:23x36/16، قیمت: درج نہیں۔

زیر تبصرہ کتاب جیسا کہ نام سے ظاہر ہے ادعیہ واستغفار پر مشتمل ایک حسین مجموعہ ہے، جو جناب رشید اللہ یعقوب صاحب کی عمدہ کاوش ہے، اللہ تعالیٰ نے انہیں، باوجود اس کے کہ وہ نہ عالم ہیں نہ عربی دان، نہ مفسر ہیں نہ محدث اور نہ فقیہ، ادعیہ واذکار کو مختلف انداز سے جمع کرنے کا خصوصی ذوق عطا فرمایا ہے۔ زیر نظر کتاب بھی انہوں نے جدید ذوق مطالعہ کو پیش نظر رکھتے ہوئے اردو داں طبقہ کے لئے آسان وسہل انداز میں پیش کی۔ یہ کتاب جو تقریباً اٹھاسی کتب کی ورق گردانی کا نچوڑ ہے، کل نو ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول میں دعا کی فضیلت وآداب، قبولیت دعا کے اوقات وحالات اور شرائط جیسے اہم مضامین مذکور ہیں۔ باب دوم ''ربنا'' یا ''ربّ'' سے شروع ہونے والی قرآنی ادعیہ، باب سوم ''اللھم اغفرلي'' اور ''اللھم اني استغفرک'' سے شروع ہونے والی ادعیہ، باب چہارم ''اللھم اني اسالک'' سے شروع ہونے والی ادعیہ، باب پنجم میں ''اللھم اني اعوذ بک'' سے شروع ہونے والی ادعیہ، باب ششم میں ''اللھم اجعلني''، باب ہفتم میں ''اللھم'' اور باب ہشتم میں ''درود وسلام'' کے صیغوں پر مشتمل ہے، ہر باب میں دعاؤں کی تعداد چالیس ہے۔ جب کہ باب نہم میں ''صلاۃ التسبیح'' کا طریقہ اور اس کی فضیلت کا بیان ہے۔ اس کتاب کو منزل کے طور پر بھی پڑھا جاسکتا ہے۔ کتنی بڑی سعادت کی بات ہے اگر مسلمان کی زبان سے وہ تمام ضروری ادعیہ ہر ہفتے ادا ہو جائیں جو سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے مختلف مواقع واوقات میں درد وسوز میں ڈوب کر نکلی ہیں۔ یہ اس کتاب کا دوسرا ایڈیشن ہے، جس میں چار نئے ابواب کا اضافہ کیا گیا ہے۔ کتاب کارڈ ٹائٹل کے ساتھ، بہترین کمپوزنگ اور عمدہ سیٹنگ کے ساتھ آرٹ پیپر میں چھپی ہے۔

**فتح الوقایۃ لحلّ شرح الوقایۃ** :مؤلف: مولانا آفتاب علی، ناشر: مکتبہ دار الفلاح، صفحات (جلد اول):312، (جلد ثانی):312، سائز:20x30/8، قیمت: درج نہیں۔



© rasailojaraid.com